2018年6月13日ジャング紙ラホール版2面

عید پر سپیشل ٹرینوں کا آغاز، پہلی ٹرین آج پشاور پہنچے گی

دوسری ٹرین آج راولپنڈی پہنچے گی، تیسری آج کراچی سے روانہ ہو کر کل لاہور پہنچے گی

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان ریلویز کی عید پر اضافی رش کے پیشِ نظر مختلف شہروں سے چلنے والی سپیشل ٹرینوں کا باقاعدہ آغاز ہو گیا ہے۔ پہلی عید سپیشل ٹرین گزشتہ روز کراچی سٹی سے دن گیارہ بجے روانہ ہو کر خانیوال، فیصل آباد، سرگودھا، لالہ موسیٰ، ملکوال، راولپنڈی، اٹک سٹی سے ہوتی ہوئی آج بدھ کے روز رات 10 بجکر 30 منٹ پر پشاور کینٹ پہنچے گی۔ دوسری ٹرین کوئٹہ سے گزشتہ روز 11 بجکر 30 منٹ پر روانہ ہونے کے بعد جیکب آباد، ملتان کینٹ، خانیوال، لاہور سے ہوتی ہوئی آج بدھ رات 8 بجے راولپنڈی ریلوے اسٹیشن پہنچے گی۔ تیسری ٹرین کراچی کینٹ سے آج 13 جون صبح 11 بجے روانہ ہو کر رحیم یار خان، خانیوال، فیصل آباد سے ہوتی ہوئی اگلے روز صبح 10 بجے لاہور پہنچے گی۔ چوتھی ٹرین راولپنڈی سے 14 جون صبح سات بجے روانہ ہو کر اٹک سٹی، جنڈ، داؤد خیل، کوٹ ادو، مظفر گڑھ سے ہوتی ہوئی اسی رات 10 بجکر 30 منٹ پر ملتان کینٹ پہنچے گی۔ پانچویں سپیشل ٹرین ملتان کینٹ سے 19 جون صبح سات بجے روانہ ہو کر کوٹ ادو، مظفر گڑھ، کندیاں، داؤد خیل، جنڈ، اٹک سٹی سے ہوتی ہوئی اسی روز رات 10 بجکر 15 منٹ پر راولپنڈی پہنچے گی۔ پینسٹھ 65 برس اور زائد عمر کے تمام شہری عید کے پہلے اور دوسرے دن تمام ٹرینوں کی تمام کلاسز میں مفت سفر کر سکیں گے۔ ترجمان ریلویز نے کہا کہ شناختی کارڈ کی نقل پر ایڈوانس بکنگ اور ای ٹکٹنگ بھی مفت ہو گی اور دوران سفر اوریجنل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ دکھانا لازمی ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے اسٹیشن پر شناختی کارڈ دکھانے پر بزرگ خواتین اور مردوں کو بغیر کرایہ لئے ٹکٹ جاری کر دیا جائے گا۔ علاوہ ازیں پاکستان ریلویز نے عید الفطر کے بعد سمر ویکیشن سپیشل راولپنڈی اور کراچی کے درمیان چلانے کا بھی اعلان کیا ہے۔ سمر ویکیشن سپیشل ٹرینیں راولپنڈی سے 18، 22، 26 اور 30 جون کی دوپہر اڑھائی بجے کراچی کے لئے روانہ ہوں گی۔ اسی طرح کراچی سے 20، 24 اور 28 جون کو سمر ویکیشن سپیشل ٹرینیں رات 8 بجے راولپنڈی کے لئے روانہ ہوں گی۔